سبق نمبر 13

[redacted]

گروپ کے راہنما۔ دعا کریں اور شاگرد بنانے کے اس کورس کو خدا کے حوالے کریں۔

[redacted]

تعلیم: عبادت کیا ہے؟ عبادت کا طلب مندرجہ ذیل ہے

عبادت ایک ڈر، خوف، پرستش، عشق، محبت، احترام، تعظیم، فرمانبرداری اور راز و نیاز کی حالت ہے جو کہ بہت سی دعاؤں کی اقسام اور ہماری روحانی زندگی سے ظاہر ہوتی ہیں۔ خدا کی عبادت کرنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ ہم خدا کو جانیں اور سمجھیں کہ خدا کون ہے۔ ہر عبادت کے وقت میں ہم خدا کے ایک کردار کو سمجھتے ہیں۔

گروپ کے راہنما۔ خدا ہی صرف خدا اور شفاعت بخشنے والا ہے اسکی تعلیم دیں۔

موضوع: بائبل مقدس کا خدا ہی صرف خدا اور شفاعت بخشنے والا ہے۔

ہر حصے یا عبارت کو پڑھیں اور تفصیل بیان کریں اور اسکو گروپ کے ممبرز کو عبادت کیلئے منتخب کریں۔

1۔ خروج ۲۰:۲-۳۔ خدا نے لوگوں کو تنبیہ کی کہ میرے سوا کوئی معبود نا ماننا۔ خدا وہی ہے جس نے اپنی بائبل مقدس میں خدا کو ظاہر کیا ہے اور جس خدا کو ماننا ہوں اور غلامی سے نجات دلاتا ہے۔

2۔ یسعیاہ ۹:۶-۷۔ خدا نے یسوع مسیح میں انسان کا روپ اختیار کیا (2-کرنتھیوں 1:3)۔ ہمارے باپ خدا اور یسوع مسیح کا مطلب خدا باپ ہے اور اس نے اپنے آپکو یسوع مسیح کی صورت میں ظاہر فرمایا ہے۔ مواز نہ کریں، خداوند نے اپنے آپ کو آگ کے شعلے اور خداوند کے فرشتے کی صورت میں ظاہر کیا ہے (خروج ۳:۲، ۱۹:۱۸، ۲۴:۱۷)۔

3۔ یسعیاہ ۴۶:۵۔ خدا بے مثال ہے۔ کوئی سے بھی نہ دیوں کے جو نے خداؤں کو اپنے خدا سے کوئی موازنہ نہیں ہے۔

4۔ یسعیاہ ۴۲:۸۔ خدا اپنے جلال (کسی بھی اوصاف کو) کوئی بھی دوسرے مذہبوں کے جھوٹے خداؤں کے ساتھ نہیں بانٹے گا۔

5۔ یسعیاہ ۴۳:۱۰-۱۱۔ خدا جس نے خود کو آپ مقدس میں ظاہر کیا ہے وہی زندہ خدا ہے اور اسکے سوا اس دنیا میں کوئی بھی نجات بخشنے والا نہیں ہے

6۔ یسعیاہ ۴۴:۶-۸۔ آپ مقدس کا خدا ہی صرف سچا خدا ہے جو کہ اول و آخر ہے اور اسکے سوا کسی دوسرے خدا کا کوئی وجود نہیں ہے۔ اگرچہ دنیا میں بہت سی گندی روحیں ہیں جو خدا ہونے کا دعویٰ کرتی ہیں مگر وہ کبھی ماضی حال مستقبل میں ہونے والا ہوگا اسکو ظاہر نہیں کر سکتیں۔

7۔ یسعیاہ ۴۵:۱۸-۲۱ب۔ خدا ہی صرف معبود ہے اور اسکے سوا کوئی معبود نہیں۔ اس نے پوشیدگی میں کوئی کلام نہیں کیا بلکہ اس نے 1500 سال

کے عرصے میں وہی پیغام بارہ 40 پیغمبروں اور رسولوں کے ذریعے بیان کیا ہے۔ وہی کہانی ہے ہونے والے وقت کے واقعات کو کئی بہت پہلے واقع ہونے سے اعلان کرتا ہے۔

8۔ یسعیاہ 41:21ب-23۔ خدا کے سوا کوئی اور خدا نہیں ہے لہٰذا، دنیا کے تمام زومر سے خداؤں کے خدا اچھے خدا نہیں ہیں۔ یہوواہ کے سوا کوئی پاک اور نجات بخشنے والا نہیں ہے لہٰذا، دنیا کے تمام لوگ یہوواہ کی طرف رجوع کریں اور نجات پائیں بالآخر ہر شخص مرضی اور غیر مرضی، چاہتے اور چاہتے ہوئے گھٹنا ٹیکے گا اور ہر زبان کے افراد احساس جرم یا افسوس سے اس بات کا اقرار کریں گے کہ وہی سچا خدا ہے جس نے یسوع مسیح میں خدا کو ظاہر کیا ہے (فلپیوں 2:9-11)۔

عبادت۔ گروپ کے ہر فرد سے انجیل کی عبادت کو استعمال کر کے خدا کی عبادت کرنے کو کہیں۔ باری باری ہر فرد خدا کے نجات دہندہ ہونے کی خاصیت میں دعا کریں۔ ہر گروپ یا تین لوگوں کے چھوٹے گروپ کی صورت میں خدا کی عبادت کریں۔

[redacted]

یوحنا 15:1-18 کے منتخب شدہ عبادت کے ذریعے خدا کیسا تھ ذاتی وقت کے دوران جو سیکھا ہے اسکو باری باری بچی کتاب یا زبانی طور پر مختصر بیان کریں۔ اس شخص کو سنیں اور اسکو سنجیدگی سے لیں اور قبول کریں۔ اسکے بارے میں کوئی بھی تنقید نہ کریں۔

[redacted]

اس تعلیم میں پہلے آپ انجیل کے پیغام کو سمجھیں گے اور پھر اسکو سطر ح زومروں کے ساتھ بیان کیا جائے۔ آپ یہ بھی سیکھیں گے کہ اپنی ذاتی نجات کی گواہی کو زومروں سے کس طرح بیان کیا جائے

الف۔ انجیل کا پیغام

انجیل کا پیغام یا خوشخبری انسانوں کی مشکلوں کے لئے خدا کا حل ہے اور خدا کس طرح انسانوں کی مشکلات کو ختم کرتا ہے۔ انسانوں کی مشکل کا حل صرف یسوع مسیح ہے۔ خدا ہر اس شخص کو نجات دینے کا وعدہ کرتا ہے جو یسوع مسیح پر ایمان لاتے ہیں۔

1۔ زندگی کے بیل کی مثال

سیکھائیں اور تربیت دیں۔ طالبعلموں کی زندگی کی مثال کو سمجھنے اور یاد کرنے میں انکی مدد کریں۔ اسکے بعد انکو یہ مثال کو زومروں کے ساتھ بیان کرنے کی تربیت دیں جب وہ انجیل کے پیغام کو زومروں کے ساتھ بیان کریں۔

کتاب مقدس کے حصوں کو باری باری پڑھیں

دریافت اور بات چیت کریں (1 خدا کے متعلق سچ (2 انسان کے متعلق سچ (3) یسوع کے متعلق سچ (4) نجات کے متعلق سچ (5) ایماندار کی نئی زندگی کے متعلق سچ:

1۔ خدا کا مقصد


ا۔ رومیوں 1:19-20 خدا نے اپنے آپ کو ظاہر کر دیا ہے اور آپ خدا کو جان سکتے ہیں۔

۲۔ 1-یوحنا 1:5-6 خدا روشنی ہے اور اگر آپ اسکو جاننا چاہتے ہیں تو روشنی میں آئیں۔

۳۔ 1-یوحنا 1:5-6 خدا محبت ہے اور اگر آپ خدا کا مشاہدہ کرنا چاہتے ہیں تو خدائی محبت کو قبول کریں اور دوسروں سے محبت کریں۔

۴۔ پیدائش 1:27 خدا نے عیسیٰ خدائی خصوصیات حاصل کرنے کیلئے پیدا کیا ہے اکثریت کی۔

۵۔ یسعیاہ 43:7 خدا نے عیسیٰ اس واسطے پیدا کیا ہے کہ ہم اُس کے لئے جئیں نہ کہ اُو کے لئے۔



2۔ مشکل الفاظ کے معنی:

۔گناہوں کی قربانی بننے کا مطلب خدا کے پاکیزہ شخص کو ہمارے گناہوں کے خلاف ٹھہرانا ہے۔ یسوع کی موت ایک ایسی قربانی ہے جو خدا کے پاکیزہ شخص کو ہمارے گناہوں کے خلاف ٹھہراتی ہے (رومیوں ۳ ۲۵)۔

۔ہم کو حق بجانب ٹھہرانا ایک قانونی طرز بیان ہے جس کا مطلب ہم کو خدا کی نگاہ میں پاکیزہ قرار دینا ہے۔ صلیب پر یسوع مسیح نے ہمارے ناپاک اعمال کا اپنے اوپر بوجھ لیا تاکہ ہم پاکیزہ ہو پائیں (۲ کرنتھیوں ۵ ۲۱)
اب آپ پاکیزہ انسان کے طور پر ہماری بخشش یا معافی ہو چکی ہے اور ہمارا خدا کے ساتھ ایک عظیم رشتہ ہے اور یہ تب ہی ممکن ہے جب ہم اس پر ایمان لاتے ہیں تو اسی لئے خدا ہم کو پاکیزہ شخص کے طور پر قبول کرتا ہے۔

۔صلح کرانے کا مطلب خدا کی مخالفت کو ہماری پرانی طرز زندگی پر چھوڑ دینا ہے (زبور ۵:۴-۵؛ ۵:۱۱-۵)۔ اس لئے ہم ایمان لاتے ہیں اسی لئے ہماری خدا سے صلح ہوتی ہے اور روحانی اور جسمانی تمکن کا تجربہ کر سکتے ہیں (رومیوں ۵ ۹:۱-۱۰؛ افسیوں ۲ ۱۷)۔
۔پاک قرار دینے کا مطلب ہے کہ ہم یسوع مسیح کی طرح درجہ بدرجہ تبدیلی پاتے ہیں (۲ کرنتھیوں ۳ ۱۸)۔ یہ تبدیلی ہماری ایماندار زندگی کے دوران ہوتا ہے۔

جلال دینے یا حمد کرنے کا مطلب یسوع کی طرح بننا ہے (۱ یوحنا ۳ ۲)۔ اس لئے ہماری موجودہ پس ماندگی کے بدن کی تبدیلی ہے جو یسوع مسیح کی طرح جلال والا بدن بنتا ہے (فلپیوں ۳ ۲۱)۔ ایسا یسوع کی دوسری آمد پر ہوگا۔

3۔ انجیل کے پیغام کا ایک مختصر تجزیہ

آپ گروپ کے لوگوں کو انجیل کے پیغام کو بیان کرنے کے لیے تین تا پانچ نمبر ایک اور سبق نمبر تین میں دیے گئے بھی لکھا سکتے ہیں۔

ب۔ انجیل کے پیغام کو بیان کریں


1۔ مشقی مشورہ

a۔ انجیل کا پیغام ایک خوشخبری ہے۔

۔خدا کے فضل اور شفقت کی
۔یسوع مسیح کی موت پھر زندگی پانے اور تخت نشین ہونے کی
۔معافی، نجات اور جینے کی جو ایمان لاتے ہیں

b۔ انجیل کے بیان کو پانچ اقدامات میں بیان کریں

جب بھی آپ انجیل کی تقریر، تبلیغ، وعظ یا تعلیم یا اسکو بیان کریں تو آپ مندرجہ ذیل اقدامات کو استعمال کر سکتے ہیں۔



[redacted]

c۔ سچائی کو خود دریافت کرنے میں لوگوں کی مدد کریں۔

غیر ایمانداروں کو کتاب مقدس کی وہ آیات پڑھنے دیں جو خوشخبری کے پیغام کی وضاحت کرتی ہیں۔ کتاب مقدس سے سچائی کو خود دریافت کرنے پر انکی ہمت افزائی کریں۔ مندرجہ ذیل سوالوں کی طرح:

(۱) انجیل کی ہدایت خدا کے بارے میں کیا کہتی ہے؟

(۲) گناہ کے کیا نتائج ہیں؟

(۳) یسوع کو کیوں صلیب پر جان دینی پڑی؟

(۴) یسوع مسیح کے مطابق آپ کو نجات حاصل کرنے کیلئے کیا کرنا چاہئے؟

(۵) ایمانداروں کی ذمہ داریاں اور امتیاز یا فرق کیا ہیں؟

آپ دریافت اور ہدایت کی ترقی کی طرح زندگی کے پل کی مثال بنائیں۔
انجیل کے حوالوں اور خاص نقاط کو ایک مثال کی ترقی کے طور پر لکھیں۔ آخر میں اس مثال کو انجیل کی یاددہانی کرنے کیلئے اپنے ذومعنوں کو سونپ دیں۔

d۔ یسوع کو قبول کرنے کی دعوت دیں

جب آپ زندگی کے پل کی مثال بنا چکیں تو اس شخص کو یسوع کو ایک نجات دہندہ کے طور پر قبول کرنے کی دعوت دیں اور اپنے دل اور زندگی کو یسوع مسیح کے حوالے کریں اور ایک بادشاہ کے طور پر اور اگر اس شخص کی خواہش ہو تو اسکو دعا کرنے دیں۔

e۔ خدا کے زوج کی بابت حساس ہوں

انجیل کی خوشخبری بیان کرنے کے دوران اپنے دل میں دعا کرتے رہیں۔ یاد رہے کہ آپ صرف خدا کے خدمت گار ہیں اور صرف خدا ہی انسان کے دل میں نئی زندگی کا کام کرسکتا ہے۔ خدا کے اتکے دل اور زندگی میں کام کے بارے میں حساس رہیں۔

2۔ خوشخبری کو بیان کرنے کی مشق

a۔ دو دو کی صورت میں گروپ کے لوگوں کو خوشخبری کے پیغام کو مختصراً اور ایک دوسرے کے ساتھ بیان کرنے دیں۔ تاہم نمبر ایک، سبق نمبر تین کا موازنہ کریں۔

b۔ دو دو کی صورت میں گروپ کے لوگوں کو زندگی کے پل کی مثال (۲۰ آیتوں) کو بیان کرنے دیں۔

c۔ گروپ کے لوگوں کو دو دو کی صورت میں ایک دوسرے کیساتھ یوحنا ۱۰: ۷-۸: انسپیریشن ۱۰:۱-۱۰ کو زیر استعمال کرتے ہوئے بیان کرنے دیں۔

ج۔ اپنی نجات کی گواہی کو بیان کریں

کوئی بھی شخص پیدائشی ایماندار نہیں ہے۔ آپکو لازمی طور سے پیدا ہونا چاہیے (یوحنا ۳:۳-۸) یہ کب اور کہاں ہوتا ہے یہ آدمی کی مختلف کہانی ہے۔ آپ کس طرح ایماندار بنے اسکو بیان کرنا اپنی ذاتی نجات کی گواہی کہلاتا ہے۔

1۔ پولس رسول کی نجات کی گواہی

پولس رسول نے اپنی نجات کی گواہی کو سطرح بیان کیا؟ (اعمال ۲۶: ۱-۲۳) کا مطالعہ کریں۔

a۔ پولس رسول نے نجات کی گواہی کو چار حصوں میں بانٹا ہے:

۔ تعارف (اعمال ۲۶: ۱-۳)

۔ نجات سے پہلے کا وقت (اعمال ۲۶: ۴-۱۱)

۔ تبدیلی مذہب کے بعد کا واقعہ (اعمال ۲۶: ۱۲-۱۸)

۔ مذہب کی تبدیلی کے بعد کا واقعہ (اعمال ۲۶: ۱۹-۲۳)

b۔ تعارف (رسول ۲۶: ۱-۳)

جب پولس رسول کو یسوع مسیح پر ایمان لانے کے بیان کرنے کا موقع ملا تو اس نے اپنے نجات پانے کی گواہی بیان کی۔ اس نے سب سے پہلے اپنے سننے والوں کے ساتھ دوستانہ تعلقات قائم کئے۔

c۔ نجات پانے سے پہلے کی مدت (اعمال ۲۶: ۴-۱۱)

۔ پولس رسول نے اپنے پس منظر کو بیان کیا تاکہ اسکے سننے والوں کو اسکے ساتھ شناخت کرنے میں مدد ملے (آیت ۴-۵)۔

۔ پولس رسول نے اپنی پرانی زندگی کے کچھ ثبوت حاضر کا شمار کیا جیسے کہ (تعلیم، مذہب کی سرگرمی، جوش اور حقیقت یا سلیبت)

۔ پولس رسول نے اپنی پرانی زندگی کے کچھ منفی عناصر کا بھی شمار کیا جیسے کہ ایمانداروں پر تعصب اور ظلم وستم (سابق جیسا پرتشدد)
۔ پولس نے وہ کلام کیا ہوا کے سننے والے شناخت کرسکیں (فارسی قیامت یا حشر میں دلچسپی رکھتے تھے اور بادشاہ ہیرودیس کے تنازعات اور رسم میں دلچسپی رکھتا تھا)۔
اس نے اپنے سننے والوں کی مدد کی جو شاید اپنے ذہن میں بالکل وہی سوالات رکھتے تھے اور انکے جوابات کے حصول کیلئے متجسس تھے

d۔ تبدیلی مذہب کا واقعہ (اعمال ۲۶: ۱۲-۱۸)۔

۔ پولس نے اسطرح نہیں کہا کہ میرے خیال میں یا میں ایسا محسوس کرتا ہوں بلکہ زندہ دلی اور پختگی کے ساتھ اپنی تبدیلی مذہب اور نجات کی گواہی کو بیان کیا۔
پولس نے یہ بھی واضح کیا کہ اس نے خدا کی تلاش نہیں کی بلکہ خدا نے اسکو ڈھونڈا ہے
۔ پولس نے یہ بھی واضح کیا کہ یسوع نے خود کو جب ظاہر کیا اس وقت کیسی (پولس) سنا ہوں میں دھنسا ہوا تھا۔
۔ پولس نے ہر اس نقطہ کا حوالہ دیا جو یسوع نے اس سے بولے تھے۔ اس نے انجیل کے بہت سے حصوں کو بھی اپنی نجات کی گواہی بیان کرنے کے دوران استعمال کیا (لوقا نے لازماً تاریکی سے روشنی کی طرف مڑیں یا رخ کریں، شیطان سے خدا کی طرف، لوگ یسوع پر لازمی ایمان لائیں، ایماندار اپنے سناہوں کی معافی اور مقدسین کے لوگوں کے درمیان مقام پائیں) (آیت ۱۸)۔ اس طرح اس نے اپنے ان سننے والوں کی یسوع پر ایمان لانے میں مدد کی۔

e۔ مذہب کی تبدیلی کے بعد کی مدت (اعمال ۲۶: ۱۹-۲۳)

۔ پولس نے اپنے زندگی کی بڑی تبدیلیوں کا ذکر کیا، مثال کے طور پر (نجیل پر اثر انداز ہونے والا نیا کا کوا عتبار کیا۔ اس کے ہونے کا انداز اسکے ایماندار بننے سے پہلے اور بعد کی تبدیلیوں کو بیان کرنے لگا۔
۔ پولس نے یہ قبول کیا کہ وہ اب بھی ان مشکلوں کا سامنا کرتا ہے مگر خداوند ان حالات میں اس کی مدد کرتا ہے۔
۔ پولس نے کتاب مقدس کے حوالوں کو مستند طور پر بیان کیا (آیت ۲۲)۔
۔ پولس نے خوشخبری کے پیغام اور اجزا کو اپنی نجات میں شامل کیا (یسوع کی موت اور دوبارہ زندگی پایا، خوشخبری کا پیغام یہودیوں اور سب غیر یہودیوں کیلئے ہر شخص ازی اپنے سناہوں کی معافی مانگے (توبہ کرے) اور یسوع کو قبول کرے اور خدا کی طرف رجوع کرے۔ لہٰذا ہر شخص کو چاہیے کہ توبہ کرے اور زندگی گذارے جو انکی توبہ اور اچھے کاموں سے ظاہر ہو (آیت ۲۰)۔

2۔ وہ گفتگو جو پولس کی نجات کی گواہی کے بعد جاری رہی۔

a۔ پولس کا حکام قائم رہا (اعمال ۲۶: ۲۴-۲۵)۔
جب کبھی بھی اسکی بے عزتی ہوئی اس نے لوگوں کا احترام کرنا ترک نہیں کیا۔

b۔ پولس اپنے سننے والوں کو یقین دہانی کی کوشش کرتا رہا (اعمال ۲۶: ۲۶-۲۷)۔
اس نے لوگوں کے ساتھ زبردستی نہیں کی بلکہ انہیں یسوع کو قبول کرنے اور اسکی پیروی کرنے کی محبت کے ساتھ ترغیب دیتا رہا۔

C۔ پولس نے اپنے سننے والوں کو للکارا یا اکسایا (اعمال ۲۶: ۲۸-۲۹)۔
پولس نے اپنے سننے والوں کو یسوع مسیح کی پیروی کرنے کیلئے اکسایا۔

3۔ تمتھیس کی ممکنہ نجات کی گواہی کا بیان

پڑھیں: ۱-تمتھیس ۱:۵؛ ۳: ۱۰-۱۵

تعلیم دیں: تمتھیس کی طرح بہت سے لوگ اوائل عمری میں مومن بنتے ہیں، انکو شاید یہ بھی یاد نہ ہے کہ وہ یسوع مسیح پر ایمان کیسے لائے لیکن وہ یہ جانتے ہیں کہ وہ یسوع کی پیروی کر رہے ہیں۔ اس طرح کے سب تمتھیس اپنی نجات کی گواہی کو مندرجہ ذیل طریقے سے بیان کرتے ہیں:

a۔ پس منظر بیان کریں۔

ایماندار والدین، پرداد اور دادی، نیز ماں کے راہنما یا استاد۔

b۔ یسوع مسیح کو بیان کریں۔

بیان کریں کہ یسوع مسیح کے آپکی زندگی میں کیا معنی ہیں اور اس نے آپکی زندگی کو کس طرح بدلا ہے۔

c۔ خوشخبری کے پیغام کے خاص اجزاء کو جو آپ اب سمجھتے ہیں انکو بیان کریں۔

کتاب مقدس کی آیتوں کا شمار کریں۔

4۔ نجات کی گواہی کو بیان کرنے کی مشق

a۔ اپنی گواہی کے طریقے کو چنیں

پولس رسول کی گواہی کا طریقہ	تمتھیس کی گواہی کا طریقہ
- ایماندار بننے سے پہلے کی زندگی کو بیان کریں۔	- ایک ایماندار بچے کے طور پر اپنا پس منظر بیان کریں۔
- بیان کریں کہ آپ یسوع کے پیروکار کس طرح بنے۔	- یسوع کے ساتھ موجودہ رشتے کے معنی کو بیان کریں۔
- ایماندار بننے کے بعد کی زندگی کو بیان کریں۔	- یہ کہیں کہ یسوع نے آپکی زندگی کو کس طرح بدلا ہے۔
(یسوع نے آپ کی زندگی کو کیسے بدلا)	خوشخبری کے پیغام کو بیان کریں (کتاب مقدس)
- خوشخبری کے پیغام کو بولیں (کتاب مقدس)	

b۔ اپنی نجات کی گواہی کو لکھیں اور بیان کریں

- کسی بھی ایک طریقے کو استعمال کرتے ہوئے اپنی نجات کی گواہی کو ایک کاغذ پر لکھیں (A5 یا A4 سائز)
- اس گواہی کو اپنے لیڈر کے سامنے دوہرائیں اور اس سے کچھ مثبت نصیحت یا مشورہ لیں۔
- نجات کی گواہی کو زبانی یاد کریں۔
- اس نجات کی گواہی کو چھوٹے گروپ میں بیان کریں۔

[redacted]

باری باری خدا کے کلام کے جواب لکھنے ہوآج آپ نے سیکھا ہے ایک مختصر دعا کریں اور یہی عمل دوا و تین کے گروپ میں کریں۔

[redacted]

(گروپ کے راہنما گروپ کے ممبروں کو گھر پر تیاری کرنے کے کام ایک جملے پر لکھ کر یا اگلا اپنی کاپی رجسٹر میں لکھنے کو دیں :۔

۱۔ عہد: شاگرد بنانے کا عہد کریں گروپ یا کسی ایک فرد کے ساتھ وعظ، تعلیم یا اپنی نجات کی گواہی کو بیان کرنے کی تعلیم دیں۔
۲۔ خدا کے ساتھ ذاتی وقت گذارنا: خدا کیساتھ ذاتی وقت مقرر کی انجیل کیساتھ روزانہ بنائیں (یوحنا ۱۵:۱۵-۲۵، ۳۰-۳۵) اور سچ کو پانے کے پسندیدہ طریقہ کو استعمال کریں، ڈائری بنائیں، غور و فکر کریں۔
۳۔ کتاب مقدس کی پڑھائی: گھر پر انجیل کی تعلیم کی پہلے سے تیاری کریں (۱ تھسلنیکیوں ۱۳:۱-۱۴) موضوع: ایماندار کن خصوصیات کو پسند کرتے ہیں؟
۴۔ دعا: کسی خاص ضرورت کے لئے خدا سے اس ہفتہ دعا کریں اور یقین کریں کہ خدا سنتا کرتا ہے جواب دیتا ہے (زبور ۳:۵)۔
۵۔ اپنی ڈائری کو اپ ڈیٹ کریں: ڈائری کو شاگرد بنانے کے سلسلے میں اپ ڈیٹ کریں، مبادیاتی دستاویز، تعلیم، اور اس ہفتے کی تیاری کو بھی شامل کریں۔